نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی گندم کے کاشتکاروں کو یوریا کھاد استعمال نہ کرنے کی ہدایت۔

گندم کی فصل میں یوریا کا استعمال 60 دن تک کیا جاسکتا ہے۔فصل کا دورانیہ زیادہ ہونے کے باعث یوریا کھاد کا استعمال پیداوار میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور06 فروری2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کے کاشتکار نائٹروجن کھاد/یوریا کا استعمال نہ کریں۔نارمل زمین میں گندم کی فصل کو 60 دن تک نائٹروجن کھاد کی آخری قسط دی جاتی ہے۔گندم کی فصل میں یوریا کے استعمال میں بے جا زیادتی کی وجہ سے پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔نارمل زمین میں نائٹروجن کھاد/یوریا کا استعمال عام طور پر دو حصّوں میں مکمل کیا جاتا ہےجبکہ ریتلی اور لوم والی زمینوں پر یہی استعمال تین حصوں میں مکمل کیا جاتا ہے۔تاہم گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے نائٹروجن کھاد کا اطلاق 60 دن کے اندر لازماً مکمل کریں۔گندم کی فصل کو چونکہ اب 60 دن مکمل ہو چکے ہیں تو اس مرحلہ پر یوریا کا بے جا استعمال پودے میں خشکی و تناؤ پیدا کرنے کا باعث بن سکتا ہے جس کی وجہ سے فصل پر تیلہ یا دوسری بیماریوں کے حملہ کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔نائٹروجن کھادوں خاص طور پر یوریا کا زیادہ استعمال گندم کی فصل میں متوازن کھادوں میں خرابی کا باعث بنتا ہے اس لئے گندم کے کاشتکار اس مرحلہ پر نائٹروجنی کھاد کے استعمال میں احتیاط کریں اور کسی بھی ناگزیز صورت حال میں نائٹروجن کھاد/یوریا کا استعمال محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی عملے کے مشورہ کریں

☆☆☆☆